فوری ریلیز کے لیے: 2023/18/4 | گورنر ***KATHY HOCHUL***

گورنر KATHY HOCHUL کی جانب سے ایک بیان جس میں جج ROWAN WILSON کی تصدیق کی گئی ہے

"جج Rowan Wilson ایک اعلیٰ تعلیم یافتہ قانونی ماہر ہیں جو انصاف پسندی کا گہرا احساس اور انصاف کے لیے گہری وابستگی رکھتے ہیں۔ بینچ پر اپنے پوری مدت کے دوران، انہوں نے خود کو ایک مدبر رہنما ثابت کیا ہے جو نیویارک کے تمام شہریوں کی زندگیوں پر اثر انداز ہونے کے لیے عدلیہ کی طاقت کو تسلیم کرتے ہیں۔ عدالت میں شامل ہونے سے پہلے، جج Wilson تجارتی قانونی چارہ جوئی کرنے والے ایک وکیل کے طور پر ایک ممتاز کیرئیر رکھتے تھے اور وہ نامور فرم کراوتھ، سواین اور مور میں پہلے سیاہ فام شراکت دار بن گئے تھے۔ مجھے یقین ہے کہ وہ اس تجربے کو اور اپنی منصفانہ سوچ کو استعمال کریں گے جس نے چیف جج کے طور پر خدمات انجام دیتے ہوئے کورٹ آف اپیلز میں ان کی اپنی مدت کے دوران رہنمائی کی تھی۔

میں فخر کے ساتھ جج Wilson کو ریاست نیویارک کورٹ آف اپیلز کے چیف جج کے طور پر خدمات انجام دینے کے لیے نامزد کرتی ہوں، اور میں سینیٹ کی طرف سے ان کی تصدیق پر خوش ہوں۔ ان کی تصدیق سے ایک اہم سنگ میل عبور کرنے کی نشاندہی بھی ہوتی ہے: یعنی کہ وہ کورٹ آف اپیلز کے پہلے سیاہ فام چیف جج ہیں۔

میں جج Wilson کو ان کی تصدیق پر مبارکباد پیش کرتی ہوں اور ہماری ریاست کی اعلیٰ ترین عدالت کے وقار کو بلند کرنے، نیویارک کے شہریوں کے حقوق اور سلامتی کے تحفظ کے لیے اور انصاف کے انتظام و انصرام کو یقینی بنانے کے لیے ان کے ساتھ مل کر کام کرنے کی منتظر ہوں۔"

###

اضافی خبریں یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہیں www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418

ان سبسکرائب کریں